بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقش آغاز

راشد الحق سمیع حقانی

# دینی مدارس کے خلاف حکومت کا اعلان جنگ

مذہبی حلقوں اور دینی مدارس کے خدشات ایک ایک کر کے درست ثابت ہو رہے ہیں کہ نام نہاد' دہشت گردی کی جنگ کا اصل رخ دینی مدارس اور اسلامی مراکز ہیں۔ لیکن کچھ حلقے اسے بے جا بدگمانی سمجھ رہے تھے مگر گزشتہ ڈیڑھ دو سال سے وقتاً فوقتاً دینی مدارس کا تقدس ملک بھر میں جس طرح مجروح کیا گیا اس سے یہ بات کھل کر سامنے آ گئی کہ موجودہ حکومت کے ارادے نیک نہیں۔ پھر گزشتہ دنوں اسلام آباد کے معروف دینی مدارس جامعہ فریدیہ اور جامعہ حفصہ للبنات میں حکومت نے جس قسم کی شرمناک کاروائیاں کیں اور معصوم طلبہ کو ہراساں کیا گیا اور طالبات کی بے عزتی کی گئی۔ اور مولانا عبدالعزیز اور مولانا عبدالرشید غازی کے خلاف پرچے کاٹے گئے اور انہیں دہشت گرد قرار دیا گیا۔ اس سے یہی محسوس ہوا کہ یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان نہیں بلکہ روس امریکہ یا اسرائیل کی حکومت ہے جہاں پر مسلمانوں کے مذہبی اداروں کو تحفظ حاصل نہیں۔ بدقسمتی سے ان مدارس کو بھی القاعدہ کے ساتھ نتھی کر دیا گیا ہے اور اس کے درپردہ حکومت دیگر مدارس کو بھی یہ پیغام دینا چاہتی ہے کہ آپ کے ساتھ اور آپ کے اداروں کے ساتھ بھی یہی سلوک کیا جا سکتا ہے اگر آپ لوگوں نے حکومت کے عزائم میں روڑے اٹکانے کی کوشش کی' آپ کا بھی یہی حشر ہو سکتا ہے۔ پہلے حکومت نے ترغیبات اور گرانٹس کے ذریعے مدارس کو رام کرنے کی کوشش کی پھر نصاب تعلیم میں اپنی طرف سے مضامین داخل کرانے کے لئے دباؤ ڈالا جب ان تمام حربوں کے ذریعے ناکامی ہوئی' تو دوبارہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی' اور ان پر القاعدہ کے الزام لگا کر ان مدارس کے خلاف اپنی مذموم عزائم کی تکمیل کر رہی ہے۔

لیکن ہم حکومت کو متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ مدارس صرف عمارات اور بلڈنگوں کا نام نہیں بلکہ یہ ایک عالمگیر تحریک اور ایک آفاقی فکر کا نام ہے۔ گزشتہ حکمرانوں نے بھی اس قسم کے بلند بانگ دعوے کئے تھے۔ ذوالفقار علی بھٹو اور ان کے پیش رو ایوب خان وغیرہ نے لیکن وہ اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اور آج ان کی خاک بھی زمانے میں باقی نہیں رہی لیکن الحمدللہ دینی مدارس نہ صرف قائم و دائم بلکہ پہلے سے زیادہ رواں دواں اور روز افزوں ترقی کر رہے ہیں۔ ہم اس حساس اور نازک مرحلے پر ارباب دینی مدارس سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ مکمل اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آئندہ کے چیلنجوں کے لئے تیاری کریں اس لئے کہ انہیں کئی محاذوں پر آئندہ چند دنوں میں لڑنا ہے۔ موجودہ سیکولر حکومت اب اپنی تمام حشر سامانیوں کے ساتھ آپ کے خلاف نبرد آزما ہے امریکی اعلیٰ حکام نے بھی

© rasailojaraid.com